© rasailojaraid.com

عینک فریمی

# زبان میری ہے بات اُن کی

☆وزیراعظم سچ بتائیں۔امریکہ خود نہیں گئے کہ بُش نے منع کر دیا۔(جنرل۔ر۔چشتی)

دال میں کچھ کالا ضرور ہے......

☆پاکستان میں تمام قوانین، بڑے آدمی کو تحفظ دیتے ہیں۔(ڈاکٹر اعجاز)

پولیس، وکیل، منشی، عدالتیں، عام آدمی کی تذلیل کا باعث ہیں

☆امریکی فوجیوں کے ہاتھوں تیس برطانوی فوجی، ہلاک وزخمی ہوئے۔(ایک خبر)

برطانوی طیارہ، غلطی سے مار گرانے پر امریکہ نے معافی مانگ لی۔(دوسری خبر)

فرینڈلی فائرنگ کا بہترین مظاہرہ......! شاباش!

☆برطانوی طیاروں نے بمباری کر کے بصرہ میں ۷۵ ہزار ٹن اشیائے خورونوش کا ذخیرہ تباہ کیا۔(ایک خبر)

انسانی حقوق کے علمبرداروں کے کرتوت......!

☆امریکہ نے ہم پر چڑھائی کی تو ایٹم بم سے جواب دیں گے۔(ڈاکٹر عبدالقدیر)

اللہ آپ کو میری عمر بھی لگا دے!

☆امریکی سفیر کو بنگلہ دیشی وزیر خارجہ نے جھاڑ دیا۔(ایک خبر)

اور یہاں ایک ''نینسی'' ہر ایک کو جھاڑ پلاتی ہے۔

☆''بُش'' نے ''ٹونی'' پر بندوق تان لی۔(ایک کارٹون)

یہ کیا مسٹر بُش......؟ فرینڈلی فائر۔ٹونی۔فرینڈلی فائر!!!

☆پاکستان نے القاعدہ کے ۵۰۰/ارکان حوالے کئے (امریکہ)

اسی خدمت کے عوض کہوٹہ پلانٹ پر پابندی لگا دی''

☆عراق کے بعد ''سب سے پہلے پاکستان''۔(نوابزادہ نصر اللہ خان)

حکمران بتائیں۔امریکہ کی جی حضوری سے کیا ملا؟

☆عراق میں موجود امریکی افواج پر فدائی حملے دہشت گردی ہے (جنرل ٹومی فرینکس۔کوفی عنان)


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

سینکڑوں عراقی عورتوں اور بچوں کو بیوہ اور یتیم کرنے کو کیا نام دیا جائے؟

☆مشرف پر تنقید کرنے والے ہٹ دھرم اور غیر جمہوری لوگ ہیں۔(اشرف جہانگیر)

آپ کو اپنی نوکری پکی کرنے کا حق حاصل ہے۔

☆امریکہ نے پاکستان کے ذمے ایک ارب ڈالر کا قرض معاف کر دیا۔(ایک خبر)

☆ہم مسلمانوں کے خون کے بدلے ملنے والے پیسوں پر لعنت بھیجتے ہیں۔(چودھری شجاعت)

بلاتبصرہ

☆ہم بش کی چھڑی ہیں نہ جیب کی گھڑی۔(شیخ رشید)

صرف گھوڑی ہیں۔

☆حالات نے ثابت کر دیا کہ عراق کے بارے میں ہماری پالیسی کامیاب رہی۔(وزیر داخلہ)

کرو بش بش......رہو خوش خوش!

☆اس وقت مسئلہ ایل ایف او کا نہیں، علاقے کی سلامتی، جمہوریت اور ملک کی معاشی صورت حال کا ہے۔(شیخ رشید)

شیخ جی! اصل مسئلہ اپنی نوکری پکی کرنے کا ہے۔

☆امریکہ نے ایک سو بارہ ارب ڈالر تیل کے ذخائر پر مکمل کنٹرول حاصل کر لیا۔(ایک خبر)

''خطرناک ہتھیار'' تو تیل پر قبضے کا ایک بہانہ تھا!

☆پورے عراق میں آزادی کا جشن منایا جا رہا ہے۔(بش)

لاشوں کے بیوپاریوں کچھ شرم کرو......عراقی بیوہ عورتیں اور یتیم زخمی بچے تمہارا سیاپا کر رہے ہیں۔

☆اپوزیشن کی سوئی ایل ایف او پر اٹکی ہوئی ہے۔(شیخ رشید)

جیسے آپ کی سوئی پی سی او پر اٹکی ہوئی تھی۔

☆اسمبلی کو چوک اور چوراہا نہ بنایا جائے۔(شیخ رشید)

سپریم کورٹ کو چوک و چوراہا کس نے بنایا تھا؟

☆چند ارکان پارلیمنٹ نہ خود کھیلتے ہیں، نہ حکومت کو کھیلنے دیتے ہیں۔(جمالی)

ڈیل کر لو، مُک مُکا کر لو!

☆امریکی دھمکیوں کے پیچھے اسرائیل کا ہاتھ ہے۔(شام)

جہانگیر کے کندھے پر کسی نور جہاں کا ہاتھ ہے۔


© rasailojaraid.com